عام ہدایات :۔

(i) سوال مع جواب کتابچہ میں جملہ 54 سوالات ہیں۔

(ii) سوالات کے جوابات اسی جگہ پر لکھئے جہاں جواب کے لئے جگہ فراہم کی گئی ہے۔

(iii) خوش خط کا خاص خیال رکھئے اور جواب لکھنے سے پہلے خوب سوچ لیجئے۔

(iv) 1 تا 15 کے جوابات دو دو مرتبہ لکھنے پر نشانات کاٹ دیئے جائینگے۔

---

I. درج ذیل ہر سوال یا نامکمل جملے کے نیچے چار جوابات درج ہیں مناسب ترین جواب چن کر جواب کے لئے فراہم کردہ جگہ پر جواب لکھئے۔ [15 x1 = 15]

1. سید سلیمان ندوی کے لکھے ہوئے سبق کی نشاندہی کیجئے۔

(A) حضورؐ کے اخلاق وعادات

(B) چاندبی بی

(C) بلبلہ

(D) کمپیوٹر اور روزگار

2. شیخ نجیب احمد کے بیٹے کا نام کیا ہے ؟

(A) غلام رسول

(B) دلاور علی

(C) مقبول میاں

(D) سرفراز

3. چاندبی بی صلح کے لئے اس لئے تیار نہیں ہوئی کیونکہ

(A) چاندبی بی کو صلح پسند نہیں تھی

(B) چاند بی بی جنگ لڑنے سے ڈرتی تھی

(C) احمد نگریوں کی عزت چلے جانے کا خوف تھا

(D) شیر علی صلح کے لئے تیار نہ تھا

4. چاند بی بی سبق

(A) ''افسانہ'' کے پیرائے میں لکھا گیا ہے

(B) ''ناول'' کے پیرائے میں لکھا گیا ہے

(C) ''ڈرامہ'' کے پیرائے میں لکھا گیا ہے

(D) ''مضمون'' کے پیرائے میں لکھا گیا ہے

5. ذیل میں دیئے گئے سافٹ ویر کے ناموں میں اردو سافٹ ویر کی نشاندہی کیجئے۔

(A) کورل ڈرا

(B) ان پیج

(C) ونڈوز

(D) ٹیالی

6. ہماری روزمرہ زندگی میں استعمال ہونے والی بیشتر اشیاء کا دارومدار ______ :

(A) آبی اشیاء پر ہے

(B) موبائیل فون پر ہے

(C) سائنس پر ہے

(D) حکومت پر ہے

7. جس نظم میں اللہ تعالیٰ کی تعریف ہو۔

(A) منقبت

(B) نعت

(C) قصیدہ

(D) حمد

8. چالیس سال تک غاروں میں اجالا کرنے والی شمع

(A) شمعِ رسالت

(B) شمعِ حق

(C) شمع و پروانہ

(D) شمعِ نمروز

9. لوگوں کی زبان پر اس وقت خوشی کے کلمے زبان پر آگئے جب

(A) ہوائی جہاز زمین پر اترا

(B) درختوں میں پھل دکھائی دیئے

(C) آسمان پر ابر چھانے لگا

(D) ہاتھی کودنے لگا

10. دن کے آنے کی خبر کون لاتی ہے۔

(A) دوپہر

(B) صبح

(C) شام

(D) رات

11. ''مطلع'' ______________ ۔

(A) غزل کا تیسرا شعر کہلاتا ہے

(B) دوسرا شعر کہلاتا ہے

(C) آخری شعر کہلاتا ہے

(D) پہلا شعر کہلاتا ہے

12. شاعر میر تقی میرؔ کو محبوب کے لبوں کی نزاکت ______________ ۔

(A) نہایت نازک لگتی ہے

(B) پھول کی پنکھڑی کی طرح لگتی ہے

(C) بادل کی طرح لگتی ہے

(D) شبنم کے قطروں کی طرح لگتی ہے

13. شاعر مرزا اسداللہ خان کا تخلص کیا ہے ؟

(A) میرؔ

(B) مرزاؔ

(C) غالبؔ

(D) قطبؔ

14. محاورہ ''تو تو میں میں ہونا'' یعنی

(A) ایک دوسرے کو دیکھنا

(B) ایک کو دیکھ کر دوسرا شخص ہنسنا

(C) جھگڑا ہونا

(D) خوش و خرم ہو جانا

15. لفظ ''مُلک'' کی جمع ہے :

(A) ملوک

(B) مملوک

(C) ممالک

(D) املوک

II. مناسب الفاظ سے خانہ پُری کیجئے۔ [5 x 1 = 5]

16. احمد نگر کی شہزادی و ملکہ ______________ کہلاتی ہے۔

17. حضورؐ ساری دنیا کے لئے ______________ بن کر تشریف لائے۔

18. پیاباج پیالا ______________ جائے نا۔

19. ربع کے معنی ______________ کے ہیں۔

20. حق کی جمع ______________ ہے۔

III. 21. مناسب جوڑ لگائیے۔ [5 x 1 = 5]

| حصہ الف | حصہ ب | | درست جواب |
|---|---|---|---|
| 1) بلبلہ | (A) اسماعیل میرٹھی | (  ) | ________ |
| 2) چاندبی بی | (B) مولانا الطاف حسین حالی | (  ) | ________ |
| 3) برکھارت | (C) سید محمد اشرف | (  ) | ________ |
| 4) صبح کی آمد | (D) شیخ نجیب احمد | (  ) | ________ |
| 5) میونسپلٹی کا چیرمین | (E) علی عباس حسینی | (  ) | ________ |
| | (F) دلاور علی | | |

IV. مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات ایک ایک جملے میں لکھئے۔ [8 x 1=8]

22. دلاور علی نے کس کو چانٹا مارا؟

23. شیر علی کون تھا؟

24. ہیومن ویرمین کون کون افراد شامل ہیں؟

25. حق کے علمبرداروں کا ٹھاٹھ کیسا ہے؟

26. صبح کی آمد کسے راستہ دکھاتی ہے؟

27. برکھارت نظم کس شاعر لکھی ہے ؟

28. مضمون کا پہلا حصہ کیا کہلاتا ہے ؟

29. لفظ ''ستائش'' کو اپنے جملے میں استعمال کیجئے۔

V. مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے۔ [15 x 2 = 30]

30. حضورؐ کی مہمان نوازی کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟

31. شیخ نجیب احمد گھر پہنچ کر اپنے بیٹے سے کیا کہا؟

32. مقبول میاں کو دلاور علی ڈانٹ رہا تھا کیوں ؟

33. شیر علی کے خیال میں مدافعت ناممکن تھی وضاحت کیجئے ؟

34. جیتہ خان، چاند بی پر کیا کیا الزامات لگاتا ہے ؟

35. حمد نظم میں شاعر نے خدا کی تعریف کس طرح کی ہے ؟

36. صبح کی آمد سے ماحول پر کیا اثر پڑتا ہے ؟

37. برسات ہونے پر جنگل کن پرندوں کی آواز سے گونج اٹھا؟

38. شاعر قلی قطب شاہ کے مطابق دیوانے کو نصیحت کیوں نہیں کرنی چاہئے ؟

39. استعارہ کی تعریف کیجئے اور مثال دیجئے۔

40. ان الفاظ کی جمع لکھئے۔

1) جز : ____________

2) جسم : ____________

41. اضداد لکھئے:

1) واقف : ____________

2) آغاز : ____________

42. مترادف الفاظ لکھئے۔

1) زمین : ____________

2) وطن : ____________

43. ''بحر'' اور ''علمِ عروض'' کی تعریف کیجئے۔

44. بیت الغزل کی تعریف کیجئے۔

VI. درج ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے۔ [5 x 3 = 15]

45. شعر کا مطلب آسان الفاظ میں لکھئے۔

''ہستی اپنی حباب کی سی ہے

یہ نمائش سراب کی سی ہے''

46. شعر کا مطلب لکھئے۔

دیر نہیں، حرم نہیں، در نہیں آستاں نہیں
بیٹھے ہیں رہ گزر پہ ہم غیر ہمیں اٹھائے کیوں؟

47. درج ذیل میں سے کسی ایک کا مختصر تعارف لکھئے۔

(1) سید محمد اشرف (2) علی عباس حسینی

48. درج ذیل میں کسی ایک شاعر کا تعارف اپنے الفاظ میں لکھئے۔

(1) مرزا غالب (2) میر تقی میرؔ

49. حمد یا نعت کے تین اشعار اپنی یادداشت سے لکھئے۔

VII. مندرجہ ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے۔ [2 x 4 = 8]

50. حضورؐ کے اخلاق و عادات پر اظہار خیال کیجئے۔

51. رباعی کی تعریف کیجئے۔

یا

''برکھا رت'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے۔

VIII. 52. اپنے ہیڈ ماسٹر کے نام ایک خط لکھئے جس میں علالت کا ذکر کرتے ہوئے دو دن کی چھٹی طلب کی گئی ہو۔ [5]

IX. 53. کسی ایک عنوان پر مختصر مضمون لکھئے۔ [5]

(1) میرا پسندیدہ لیڈر (2) کمپیوٹر

X. 54. درج ذیل عبارت کو بغور پڑھ کر مطلوب سوالات کے مختصر جوابات لکھئے۔ [4 x 1 = 4]

مولانا ابوالکلام آزاد کا اصل نام محی الدین تھا۔ مولانا آزاد کی پیدائش 1888 کو مکہ مکرمہ میں ہوئی۔ بچپن ہی سے مولانا آزاد بے باک رہنما شعلہ بیان خطیب تھے ملک کی آزادی کے لئے آپ نے بہت ساری قربانیاں دیں۔ مولانا آزاد سے گاندھی جی کے بہت قریبی روابط تھے ملک و قوم کے لئے آزاد نے جو قربانیاں دیں اسے فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ اخبار الہلال کے ذریعہ آپ نے زبردست مہم چھیڑ رکھی تھی۔

سوالات:۔

(1) مولانا ابوالکلام آزاد کا اصل نام کیا تھا؟

(2) مولانا آزاد کی پیدائش کہاں ہوئی؟

(3) کس قومی رہنما سے مولانا آزاد کے قریبی روابط تھے؟

(4) کس اخبار کے ذریعہ مولانا نے آزادی کی مہم چھیڑ رکھی تھی؟